پریس ریلیز

نیسلے : دودھ پلانے والی ماؤں کی معاونت کرتا ہے

لاہور، 6 اگست 2015ء : اس سال ورلڈ بریسٹ فیڈنگ ویک (اگست 1 تا 7) کا مقصد ماؤں کو دودھ پلانے اور کام کے درمیان توازن پیدا کرنے میں معاونت اور حوصلہ افزائی کرنے کی عالمی سطح پر مربوط کوششوں کی دعوت دینا ہے۔ نیسلے نے حال ہی میں اس مقصد سے ہم آہنگ ایک پروگرام کا آغاز کیا ہے۔ یہ پروگرام دودھ پلانے والی ماؤں کو کام کی جگہوں پر موزوں ماحول فراہم کرے گا اور اُن کے روزگار کا تحفّظ کرے گا۔

دی نیسلے گلوبل میٹرنٹی پروٹیکشن پالیسی 24 ہفتوں تک کی زچگی کی چھٹیوں بمع تنخواہ اور کام کی جگہوں پر دودھ پلانے کے لیے موزوں ماحول پر زور دیتی ہے۔ یہ پالیسی دنیا بھر کے 340,000 ملازمین بشمول ایک تہائی خواتین کو معاونت فراہم کرنے کے مقصد سے وضع کی گئی ہے۔

پاکستان میں 12 ہفتے زچگی کی چھٹیاں بمع تنخواہ رائج ہیں۔ اکثر پبلک اور پرائیویٹ اداروں میں ڈے کیئر کی سہولت یا دودھ پلانے کے لیے مختص کمروں کا انتظام نہیں ہے جو ملازمت پیشہ ماؤں کے لیے معاون ثابت ہوسکیں۔

نیسلے پاکستان میں بشمول فیکٹریوں، سیلز کے دفاتر، ہیڈ آفس اور کسانوں سے دودھ جمع کرنے کے یونٹس میں خواتین کام کرتی ہیں۔ ادارے نے ہمیشہ مردوں اور عورتوں کے درمیان توازن قائم رکھنے کو اہمیت دیتے ہوئے خواتین کو ایسے مواقع اور سہولیات فراہم کرکے اُن کی حوصلہ افزائی کی ہے جو کام اور گھریلو زندگی میں توازن قائم کرنے میں اُن کے لیے مُفید ثابت ہوں۔

مگدی بٹاٹو، مینیجنگ ڈائریکٹر، نیسلے پاکستان، نے کہا، ''نیسلے کا عزم ہے کہ دنیا بھر میں لوگوں کے معیارِ زندگی کو بہتر بنایا جائے - اور اس کا آغاز زندگی کے ابتدائی دنوں، ہفتوں اور مہینوں میں ہو جاتا ہے۔ ہماری نئی گلوبل میٹرنٹی پروٹیکشن پالیسی مردوں اور عورتوں کی برابری اور کام کرنے کی جگہوں پر ماؤں کو دودھ پلانے کی آسانیاں فراہم کرتی ہے تاکہ اس بات کی یقین دہانی ہوسکے کہ نیسلے میں کام کرنے والے والدین محفوظ اور خودمختار محسوس کرکے بچّے کو بہترین غذائیت فراہم کریں۔''

ماں کا دودھ شیر خوار بچّے کے لیے بہترین غذا مانا جاتا ہے۔ یہ نوزائیدہ بچّوں کی صحتمند نشونما اور ترقی کے لیے تمام تر مطلوبہ غذائیت اور توانائی کا حامل ہوتا ہے۔ بچّوں کو زندگی کی صحتمند ترین ابتداء فراہم کرنے کی کوشش کرنے والے ادارے کی حیثیت سے نیسلے کام کرنے کی جگہوں پر دودھ پلانے کی حمایت کرتا ہے۔

کھانے پینے کی مصنوعات کی صنعت میں سب سے ترقی پسند حکمتِ عملیوں میں شمار ہونے والی نیسلے کی نئی پالیسی میں انٹرنیشنل لیبر آرگنائزیشن میٹرنٹی پروٹیکشن کنوینشن میں متعین کردہ اہم ترین اُصولوں کا احاطہ کیا گیا ہے۔ چند قابلِ ذکر اقدامات درج ذیل ہیں:

- ☆ کم ازکم 14 ہفتوں کی زچگی کی چھٹیاں بمع تنخواہ جن کی زیادہ سے زیادہ 24 ہفتوں تک توسیع کی جاسکے گی
- ☆ روزگار کی حفاظت اور ملازمت کا تحفّظ
- ☆ کام کے ضابطوں میں لچک
- ☆ کام کرنے کی جگہوں پر دودھ پلانے کے لیے موزوں ماحول
  - i) ماؤں کے لیے دودھ پلانے کے روزانہ وقفے
  - ii) کام کے دوران دودھ پلانے کے لیے مختص کمرے تک رسائی، جو آرام دہ کرسیوں، پمپس اور ریفریجریٹر سے لیس ہوں
- ☆ کام کی جگہوں پر حفاظتِ صحت

ہر خاندان کی انفرادی اہمیت کے پیشِ نظر ان اقدامات کا اطلاق نوزائیدہ بچّوں کی ابتدائی دیکھ بھال کرنے والے ہر شخص پر ہوتا ہے، بشمول والد حضرات اور گود لینے والے والدین۔

پالیسی میں عالمی ادارۂ صحت کی ان تجاویز کے حق میں نیسلے کی مکمل حمایت کی توثیق کی گئی ہے کہ بچّے کو ابتدائی 24 ہفتوں کے دوران صرف ماں کا دودھ پلایا جائے اور اس کے بعد خاطر خواہ غذائیت والی خوراک متعارف کرانے کے ساتھ ساتھ 2 برسوں تک اور اس سے آگے بھی ماں کا دودھ جاری رکھا جائے۔

نیسلے پاکستان

نیسلے پاکستان NHW (نیوٹرشن ہیلتھ اینڈ ویلنس) یعنی غذائیت، صحت اور فلاح کے شعبے میں دنیا بھر میں صفِ اوّل کا ادارہ ہے جو اپنی مصنوعات کی تیاری میں تمام بین الاقوامی معیار پر پورا اُترتا اور ان سے آگے بڑھتا ہے۔ نیسلے پاکستان اپنے دائرۂ کار میں شامل آبادیوں میں غذائیت، پانی، ماحولیاتی بقاء، دیہی ترقی اور عوام پر توجہ مرکوز کرکے مشترکہ قدر پیدا کرنے پر یقین رکھتا ہے۔ نیسلے پاکستان دودھ حاصل کرنے کے لیے 190,000 کسانوں کے ساتھ مربوط ہے اور سماجی ترقی کے لیے دیہی ترقی کے متعدد منصوبوں میں سرگرمِ عمل ہے۔

مزید معلومات کے لئے رابطہ کیجئے:

عاتکہ میر خان

کارپوریٹ میڈیا ریلیشنز منیجر، نیسلے پاکستان

فون : 042-35988119

ای میل aatekahahmad.mirkhan@PK.nestle.com